مطبوعات

روس انقلاب کے بعد۔ از جناب م۔ م۔ جوہر صاحب۔ شائع کردہ مرکز اشاعت دہلی۔ قیمت ۱۲؍

یہ کتاب روسی سوشلزم کی عملی نشوونما کے خطوط پر سیاسی زاویۂ نگاہ سے روشنی ڈالتی ہے اور کارل مارکس کے نظریات کی جو قدر و قیمت "عمل" کے معیار پر متعین ہوئی ہے اسے پیش کرتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ کس غیر متوقع طریق سے سوشلزم کی جگہ اسٹالین کی شخصیت برسر اقتدار آجاتی ہے اور انسان کش بربریت کے مظاہروں کے ساتھ سوشلزم کی اصل روح کو فنا کرکے اپنا تسلط مکمل کرتی ہے۔ اس حکایت خونیں کے مطالعہ سے ایک ذہین آدمی پر یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ بے خدا نظاموں کے اندر حق اور راستی کا جو تھوڑا بہت جوہر ہوتا بھی ہے اس کی حفاظت و بقا بھی ممکن نہیں ہوتی۔

مگر مولف کتاب کا سارا زور بحث و استدلال اسٹالین ازم کے خلاف ہی صرف ہو کے رہ گیا ہے، اور فی نفسہ سوشلزم کے اساسیات اس کی زد سے نہ صرف محفوظ ہیں، بلکہ ان کی پشت پناہی کے آثار کتاب میں بکثرت موجود ہیں۔ مدعا یہ کہ اسلام کے موقف سے سوشلزم کی نفی نہیں کی گئی بلکہ اسٹالین ازم کے نقطۂ نظر سے اسٹالین ازم پر تنقید کی گئی ہے۔ بہر کچھ بھی ہو اس کتاب کا مطالعہ ہندوستان کے انقلابیان اسلام کے لیے معلومات افزا ضرور ہوگا۔ انداز بیان ادیبانہ جذبات سے رنگین کیا گیا ہے۔

اسلام کے مشہور سپہ سالار۔ حصہ اول۔ از جناب عبدالواحد صاحب معلم مدرسہ ابتدائی، جامعہ نگر، دہلی۔ شائع کردہ: بک ڈپو انجمن ترقی اردو، اردو بازار جامع مسجد، دہلی۔ قیمت ۸؍

یہ کتاب بچوں کے لیے سادہ زبان میں لکھی گئی ہے، جس میں اسلام کو ایک زندہ انقلابی اور مجاہدانہ تحریک کی حیثیت میں پیش کرنے کے لیے دنیا کے سپہ سالار اعظم حضرت محمد صلعم اور آپ کے نائب سپہ سالاروں یعنی صحابہ کرام کے مجاہدانہ کارنامے ولولہ انگیز انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ مقدمہ میں جہاد اسلامی کی حقیقت بچوں کے لیے بہت معقول اور سادہ طریق سے پیش کی گئی ہے۔ صرف اس امر سے ہمیں اتفاق نہیں ہے کہ